1000-کیا قصے بیان کرنے اور جنوں سے شادی میں کوئی تعلق ہے

سوال

ان لوگوں کے متعلق جوکہ فہم فراست والے اور آثاراوراس کی قوم کی معرفت رکھتے ہیں اور قصے بیان کرتے ہیں لوگوں کے درمیان ایک قول مشہور ہے کہ انکے آباء واجداد میں سے کسی نے جنوں کے ساتھ شادی کی تھی تواس کی بنا پرانہیں یہ معلومات اورقدرت حاصل ہے ۔ توکہاں تک یہ قول صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ غیر صحیح ہے اورمیرے علم میں یہ بات نہیں کہ انسان اورجن کے درمیان نسل کا سلسلہ چل سکتا ہے ۔ حالانکہ جنوں کا جسم ہی نہیں ہے بلکہ وہ ہوائی روحیں ہیں اگرچہ وہ مختلف قسم کی شکلیں بدلنیں کی طاقت رکھتے ہیں اوریہ لوگ یہ کہ آثاراوردوسری اشیاء کوجانتے ہیں وہ فہم وفراست اورقوی ذہن اورہوشیاری اور تجربہ کی بنا پر ہے اوراللہ تعالی نے کھوجی آثار بیان کرنے والوں کے درمیان فرق بنائے ہیں جیساکہ لوگوں کے درمیان لمبا اورچھوٹا اورسیاہ اورسفید اوربڑا اورچھوٹا ہونے میں فرق صاف اورواضح نظر آتا ہے اورآپ یہ لاکھوں کی تعداد میں دیکھتے ہیں ۔

اورآپ دوانسانوں کوآپس میں مکمل طورپر مشابہ نہیں دیکھیں گے کہ وہ ہر صفت میں ایک دوسری کے مشابہ ہوں تویہی سبب بھی انکے درمیان ہے.جس کی بنا پروہ لوگوں سے پہچانے جاتے ہیں۔ .